117780- بغیر سبب طلاق لینا چاہتی ہے کیا مہر واپس کرنا ہوگا

سوال

میں نے ایک رشتہ دار لڑکی سے شادی کی اور کچھ ہی عرصہ اس کے ساتھ رہا، وہ میرا احترام نہیں کرتی تھی، اور میں جو اسے دینی اور معاشرتی نصیحت کرتا اسے وہ قبول نہیں کرتی تھی اس لیے ہمارے درمیان مشکلات کھڑی ہو گئیں، پھر میں ملازمت کے سلسلہ میں باہر چلا گیا اور اس کے ویزہ کا سارا انتظار کر دیا تا کہ وہ بھی میرے بعد میرے پاس آ جائے.

لیکن اس نے میرے پاس آنے سے انکار کر دیا، اور اب طلاق لینے پر مصر ہے، میں نے کئی بار اصلاح کی کوشش کی لیکن کامیاب نہ ہو سکا، اور اسی طرح کچھ رشتہ داروں نے بھی صلح کرانے کی کوشش کی لیکن کچھ فائدہ نہ ہوا، میرا سوال یہ ہے کہ :

کیا باقی ماندہ مہر لینے کا حق رکھتی ہے، یہ علم میں رہے کہ وہ علیحدگی کرنا چاہتی ہے، پہلے اور علیحدگی کے وقت اس پر میرے کیا حقوق ہیں ؟

کیا مجھے حق ہے کہ منگنی اور شادی کے موقع پر جو سونا دیا تھا وہ واپس کرنے کا مطالبہ کروں ؟

اور اس کا ویزہ نکلوانے کے لیے میں نے جو تین ہزار ڈالر سفارت خانہ کو دیے کیا میں اس کا مطالبہ کر سکتا ہوں ؟

پسندیدہ جواب

اول :

جب نکاح ہو جائے تو خاوند اور بیوی دونوں کے ایک دوسرے پر حق مقرر ہو جاتے ہیں اور ان حقوق میں درج ذیل حقوق شامل ہیں :

بیوی کا اپنے خاوند کی اطاعت کرنا، اور اس کے پاس جانا اور اپنے آپ کو خاوند کے سپرد کرنا تا کہ وہ اس سے فائدہ حاصل کرے، اور اسی طرح خاوند کے ذمہ بیوی کی رہائش اور اس کا نان و نفقہ واجب ہو جاتے ہیں، اس کے علاوہ اور بھی کئی ایک حقوق ہیں جو سوال نمبر (10680) کے جواب میں بیان ہو چکے ہیں آپ اس کا مطالعہ کریں.

دوم :

عورت کے طلاق کا مطالبہ کرنا جائز نہیں، صرف اسی صورت میں طلاق کا مطالبہ کر سکتی ہے جس طلاق مباح کرنے کا کوئی سبب پایا جائے.

کیونکہ ابو داود اور ترمذی اور ابن ماجہ میں حدیث مروی ہے ثوبان رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

"جس عورت نے بھی بغیر کسی تنگی کے اپنے خاوند سے طلاق طلب کی تو اس پر جنت کی خوشبو حرام ہے"

سنن ابو داود حدیث نمبر (2226) سنن ترمذی حدیث نمبر (1187) سنن ابن ماجہ حدیث نمبر (2055) علامہ البانی رحمہ اللہ نے صحیح ابو داود میں اسے صحیح قرار دیا ہے.

یہاں الباس سے مراد تنگی اور ایسا سبب مراد ہے جس کی بنا پر طلاق کی طرف رجوع کیا جائے.

سوم :

جب آپ اپنی بیوی کو طلاق دینے کی رغبت نہ رکھتے ہوں اور نہ آپ کی جانب سے کوئی ایسی کوتاہی ہوئی ہو جو بیوی کو طلاق کا مطالبہ کرنے پر ابھارے، تو پھر آپ کو حق حاصل ہے کہ طلاق دینے سے انکار کر دیں اور اپنی بیوی کو خلع لینے کا کہیں کہ وہ باقی ماندہ مہر یا سونے سے دستبردار ہو جائے، یا پھر آپ نے دو سونا وغیرہ اسے دیا تھا اس سب سے دستبردار ہو.

اور آپ کو چاہیے کہ آپ اپنے درمیان رشتہ داری کا خیال کریں، اور بیوی کے گھر والوں پر اتنا بوجھ نہ ڈالیں جس کی وہ استطاعت نہ رکھتے ہوں، اگر آپ صرف سونا واپس لینے اور باقی ماندہ مہر سے دستبردار ہونے پر ہی اکتفا کریں تو یہ بہتر ہو گا.

مزید آپ سوال نمبر (26247) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں.

اللہ تعالی سے ہماری دعا ہے کہ وہ آپ کو اس کا نعم البدل عطا فرمائے، اور آپ کو نیک و صالح بیوی عطا فرمائے جس سے آپ کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں.

واللہ اعلم.